نحنُ انصاراللہ



اپریل 2025ء، شوال 1446ھ، شہادت ء 1404ہش

www.nahnuansarullah.ca

نگران
عبدالحمید وڑائچ صدر مجلس انصاراللہ کینیڈا

مدیرِ اعلیٰ
سہیل احمد ثاقب نائب صدر مجلس انصاراللہ کینیڈا

مینیجر
محمد موسیٰ قائد اشاعت مجلس انصاراللہ کینیڈا

مدیران
غلام مصباح بلوچ نائب صدر صفِ دوم مجلس انصاراللہ کینیڈا
ڈاکٹر حمید احمد مرزا۔ معتزالقزق

معاونین،
کاشف بن ارشد ایڈیشنل قائد اشاعت مجلس انصاراللہ کینیڈا ، مسعود احمد نائب قائد اشاعت مجلس انصاراللہ کینیڈا
نثار اے شمس ڈاکٹر محی الدین مرزا، ظفر ندیم، منصور چغتائی

Photo by AmirHadi Manavi on Unsplash.com

خصوصی دعاؤں کی تحریک

امیر المومنین حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ کے ایک رؤیا کی روشنی میں احباب جماعت کو خصوصی دعاؤں کی تحریک کرتے ہوئے فرمایا: اگر احباب جماعت مندرجہ ذیل دعاؤں کا ورد کریں گے تو ایک محفوظ قلعے میں محفوظ ہو جائیں گے جہاں شیطان کبھی داخل نہیں ہوسکتا۔ اس قلعے کی دیواریں لوہے کی ہیں اور آسمان تک پہنچی ہوئی ہیں۔ پس کوئی سوراخ ایسا نہیں رہے گا جہاں سے شیطان حملہ کر سکے۔

نمبر1: سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ اللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ

ہر بڑا فرد جماعت 200 دفعہ روزانہ پڑھے

15 سے 25 سال کے ممبران جماعت (کم از کم) 100 دفعہ روزانہ پڑھیں

بچے (کم از کم) 33 دفعہ روزانہ پڑھیں

چھوٹی عمر کے بچے تین، چار دفعہ روزانہ (والدین پڑھائیں)

نمبر 2: استغفار (اَسْتَغْفِرُ اللّٰہِ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ)

100 دفعہ روزانہ

حضور انور نے فرمایا: اسی طرح میں یہ بھی شامل کرتا ہوں

نمبر 3: رَبِّ کُلُّ شَیْءٍ خَادِمُکَ رَبِّ فَاحْفَظْنِیْ وَانْصُرْنِیْ وَارْحَمْنِیْ

100 دفعہ روزانہ

حضور انور ایدہ اللہ نے مزید فرمایا: ان دنوں میں جبکہ شیطان ہر حیلے سے بحیثیت جماعت بھی اور مجموعی طور پر ہمارے پر حملے کرنے کی کوشش کر رہا ہے، عمومی طور پر دنیا میں بھی اس سے بچنے کے لیے ایک ہی ذریعہ ہے کہ خاص طور پر دعاؤں پر زور دیں اور صرف جلسے کے دنوں میں نہیں بلکہ ہمیشہ کے لیے یہ درود شریف اور ذکر الٰہی، یہ ورد اپنی زندگیوں کا حصہ بنالیں اور اس پر ہر ایک کو، بچے کو، بڑے کو، عورت کو، مرد کو، سب کو توجہ دینی چاہیے۔

(خطبہ جمعہ 23 اگست 2024)

بین الاقوامی اشاعت حوالہ نمبر ISSN 2560-886X (Print) ISSN 2560-8878 (Online)
رابطہ : editor@ansar.ca / ishaat@ansar.ca / Tel: 905-417-1800

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فہرست مضامین



قال اللہ عزّ وجل 1

قال الرسول صلی اللہ علیہ وسلم 2

کلام المہدی علیہ السلام 3



فارسی منظوم کلام حضرت مسیح موعود علیہ 4



کلام الامام ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز 5

”دین کی باتوں میں تمسخر اور ہنسی نہیں کرنی چاہیے۔“ (حضرت مصلح موعودؓ) 6
(قیادت تربیت، مجلس انصار اللہ کینیڈا)

مبلغین اسلام احمدیت 8
مبلغین اسلام احمدیت حضرت مفتی محمد صادق صاحبؓ مبلغ انگلستان/امریکہ

پاکستان کا انوکھا اسلام 13
(ڈاکٹر بشارت الٰہی جمیل)

زاویۃ العرب 16

قال اللہ عزّ وجلّ

Photo by Abdulloh Fauzan on Unsplash.com

قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعَا ۨالَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ
وَيُمِيْتُ ۖ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِيْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَكَلِمٰتِهٖ وَاتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۵۹﴾

(سورۃ الاعراف:159)

ترجمہ: کہو (کہ) اے لوگو! میں تم سب کی طرف اللہ کا رسول ہوں جس کو آسمانوں اور زمین کی بادشاہت حاصل ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہ زندہ بھی کرتا ہے اور مارتا بھی ہے۔ پس اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ جو نبی بھی ہے اور امی بھی ہے (اور) جو ایمان لاتا ہے اللہ پر اور اس کے کلمات پر اور اس کی اتباع کرو تا کہ تم ہدایت پاؤ۔

تفسیر: اس آیت کی تفسیر میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں۔

”قرآن شریف نے ہی کھلے طور پر یہ دعویٰ کیا ہے کہ وہ دنیا کی تمام قوموں کے لیے آیا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ قرآن شریف میں فرماتا ہے: قُلْ يٰاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعًا۔ یعنی تمام لوگوں کو کہہ دے کہ میں تم سب کے لیے رسول ہو کر آیا ہوں اور پھر فرماتا ہے: وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ (الانبیاء:108) یعنی میں نے تمام عالموں کے لیے تجھے رحمت کر کے بھیجا ہے اور پھر فرماتا ہے: لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرًا (الفرقان:2) یعنی ہم نے اس لیے بھیجا ہے کہ تمام دنیا کو ڈراوے لیکن ہم بڑے زور سے کہتے ہیں کہ قرآن شریف سے پہلے دنیا کی کسی الہامی کتاب نے یہ دعویٰ نہیں کیا بلکہ ہر ایک نے اپنی رسالت کو اپنی قوم تک ہی محدود رکھا یہاں تک کہ جس نبی کو عیسائیوں نے خدا قرار دیا اس کے منہ سے بھی یہی نکلا کہ میں اسرائیل کی بھیڑوں کے سوا اور کسی کی طرف نہیں بھیجا گیا اور زمانہ کے حالات نے بھی گواہی دی کہ قرآن شریف کا یہ دعویٰ تبلیغ عام کا عین موقعہ پر ہے کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ظہور کے وقت تبلیغ عام کا دروازہ کھل گیا تھا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خود اپنے ہاتھ سے بعد نزول اس آیت کے کہ: قُلْ يٰاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعًا۔ دنیا کے بڑے بڑے بادشاہوں کی طرف دعوت اسلام کے خط لکھے تھے کسی اور نبی نے غیر قوموں کے بادشاہوں کی طرف دعوت دین کے ہرگز خط نہیں لکھے کیونکہ وہ دوسری قوموں کی دعوت کے لیے مامور نہ تھے۔ یہ عام دعوت کی تحریک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ سے ہی شروع ہوئی اور مسیح موعود کے زمانہ میں اس کے ہاتھ سے کمال تک پہنچی۔“

(چشمہ معرفت، روحانی خزائن جلد 23 صفحہ 76,77)

قال الرسول ﷺ

Picture Source: www.instagram.com/jalsa_canada/

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اُعْطِيتُ خَمْسًا لَمْ يُعْطَهُنَّ اَحَدٌ قَبْلِي نُصِرْتُ بِالرُّعْبِ مَسِيرَةَ شَهْرٍ وَجُعِلَتْ لِيَ الْأَرْضُ مَسْجِدًا وَطَهُوْرًا فَأَيْنَمَا اَدْرَكَ الرَّجُلَ مِنْ اُمَّتِي الصَّلَاةُ يُصَلِّي وَاُعْطِيْتُ الشَّفَاعَةَ وَلَمْ يُعْطَ نَبِيٌّ قَبْلِي وَبُعِثْتُ اِلَى النَّاسِ كَافَّةً وَكَانَ النَّبِيُّ يُبْعَثُ اِلَى قَوْمِهِ خَاصَّةً۔

(سنن نسائی کتاب الغسل والتیمم باب التیمم بالصعید (432)

حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

”مجھے پانچ باتیں ایسی دی گئی ہیں جو مجھ سے پہلے کسی کو نہیں دی گئیں۔ ایک مہینے کی مسافت کے رعب سے میری مدد کی گئی ہے۔ ساری زمین میرے لئے مسجد اور طہارۃ کا ذریعہ بنائی گئی ہے۔ جہاں بھی میری امت کے کسی آدمی پر نماز کا وقت آئے وہ وہاں نماز پڑھ سکتا ہے (دوسرے مذاہب کی طرح انہیں عبادت خانے میں نہیں جانا پڑتا)۔ مجھے شفاعت کا شرف حاصل ہوا جو مجھ سے پہلے کسی نبی کو حاصل نہیں ہوا۔ مجھے تمام لوگوں کی طرف مبعوث کیا گیا ہے حالانکہ مجھ سے پہلے خاص قوم کے لئے نبی مبعوث ہوتا تھا۔“

Picture Source: https://www.instagram.com/jalsa_salana/

کلام المہدی علیہ السلام

ایساہی جب براہین احمدیہ میں یہ الہام شائع کیا گیا کہ ’’میں تجھے ایک نامور انسان بناؤں گا اور لوگوں کے دلوں میں تیری محبت ڈالوں گا ..... اس زمانہ کو اب بیس برس گذر گئے اور یہ عاجز اُس وقت ایک ایسا گمنام آدمی تھا کہ بجز ایسے دو چار آدمیوں کے کہ جو میرے باپ کے وقت سے میرے روآشنا تھے اور کوئی بھی پنجاب اور ہندوستان سے مجھ کو نہیں جانتا تھا اور نہ مجھ سے ہمدردی اور دوستی کا تعلق رکھتا تھا۔ پھر بعد اس کے اِس پیشگوئی کے مطابق اب لاکھوں انسانوں بلکہ کروڑوں میں مَیں مشہور کیا گیا اور کئی ہزار آدمی مجھ سے ہمدردی اور دوستی اور اخلاص کا تعلق رکھنے والے پیدا ہو گئے اور ہندوستان کے کناروں تک بلکہ برہما اور بندرعباس اور مدراس اور بخارا اور حیدرآباد اور افریقہ اور کابل کے ملک سے انواع اقسام کے تحفے لوگوں نے بھیجے اور میرے سلسلہ کے لئے بہت سے روپیہ سے مدد کی اور ہمیشہ کرتے ہیں۔ پس یہ مقام رقت اور وجد کا ہے کہ کیونکر اِس وقت اُس زمانہ کی پیشگوئیاں جبکہ میں ایک ہیچ اور ذلیل چیز کی طرح اِس جنگل میں پڑا تھا، نہایت کرّ و فرّ اور شان و شوکت سے پوری ہوگئیں۔ اپنے دلوں میں غور کرو اور عقلمندوں سے پوچھو کہ کیا اس قسم کی پیشگوئیوں میں انسانی طاقت کا دخل ہے؟‘‘

(تریاق القلوب، روحانی خزائن جلد 15 صفحہ 152)

Picture Source: https://www.freepik.com/

فارسی منظوم کلام

حضرت مسیح موعود علیہ السلام

ذاتِ بے چون و چند افتادست
وازحدود و قیود آزاد ست
اُس کی ذات بے مثل اور یکتا ہے
اور حدود و قیود سے آزاد ہے

ہرچه آید بفہم و عقل و قیاس
ذاتِ او برترست زاں وسواس
جو کچھ فہم، عقل اور قیاس میں آسکتا ہے اُس کی ذات ہر اس خیال سے بالا تر ہے

ذاتِ بے چون و چند افتادست
وازحدود و قیود آزاد ست
اُس کی ذات بے مثل اور یکتا ہے اور حدود و قیود سے آزاد ہے

نه وجودے بذاتِ او انباز
نه کسے در صفات او انباز
کوئی وجود اس کا ہمسر نہیں نہ کوئی اُس کی صفات میں اُس کے برابر ہے

ہمه پیدا زدستِ قدرتِ او
کثرتِ شان گواه وحدت او
سب کچھ اس کی قدرت سے پیدا ہوا ہے۔ اُن کی کثرت اُس کی وحدت پر گواہ ہے

گر شریکش بُدی زخلق دگر
گشتی ایں جمله خلق زیروزبر
اگر مخلوق میں سے کوئی اس کا شریک ہوتا تو یہ تمام دنیا زیر وزبر ہو جاتی

ہرچه ازوصفِ خاکی و خاک ست
ذاتِ بیچونِ او ازاں پاک ست
خاک اور خاکی مخلوق کی جو صفات ہیں اس کی بے مثل ذات اُن سے پاک ہے

بند برپائے ہروجود نہاد
خود زہر قید و بند ہست آزاد
ہر وجود کے لئے اُس نے کچھ پابندیاں لگا دی ہیں مگر خود ہر قید اور پابندی سے آزاد ہے

آدمی بنده ہست و نفسش بند
دردو صد حرص و آزو سر بکمند
آدمی غلام ہے اور اس کا نفس مقید ہے صد ہا خواہشوں اور لالچوں میں پھنسا ہوا ہے

ہمچنیں بنده آفتاب و قمر
بند در سیرگاہِ خویش و مقر
اسی طرح سورج اور چاند بھی حکم کے پابند ہیں وہ اپنے اپنے راستوں کے مکلّف اور اسیر ہیں

ماه را نیست طاقتِ ایں کار
که بتابد بروزچوں احرار
چاند کو اس امر کی قدرت حاصل نہیں کہ وہ دن کو آزادانہ چمک سکے

نیز خورشید را نه یارائے
که نہد بر سریرِ شب پائے
اسی طرح سورج کو بھی یہ قوت نہیں کہ وہ رات کے تخت پر قدم رکھ سکے

آب ہم بنده ہست زیں که مدام
بند در سروے است نے خود کام
پانی بھی پابند ہے کیونکہ وہ ہمیشہ برودت کا پابند ہے اپنی مرضی کا مالک نہیں

آتشِ تیز نیز بندئه او
درچنیں سوزشے فگندئه او
تیز آگ بھی اس کی تابعدار ہے اور ایسی جلن میں اُسی کی ڈالی ہوئی ہے

گر برآری به پیش او فریاد
گرمیش کم نه گردد اے استاد
اگر تو اس آگ سے التجا کرے تب بھی اے شخص! اُس کی گرمی کم نہ ہو گی

پائے اشجار درزمیں بندست
سخت درپا سلاسل افگندست
درختوں کے تنے بھی زمین میں پیوست ہیں۔ اُن کے پاؤں میں اُس نے مضبوط زنجیریں ڈال دی ہیں

ایں ہمه بستگان آں یک ذات
بروجودش دلائل و آیات
یہ سب چیزیں اُسی ہستی سے وابستہ ہیں اور اس کے وجود پر دلائل اور نشان ہیں

(براہینِ احمدیہ حصہ اول، روحانی خزائن جلد اصفحہ 15,14 بحوالہ درثمین فارسی صفحہ 15 تا 17)

Picture Source: https://x.com/AhmadiyyaMosque

کلام الامام

ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

صرف نام کے انصار اللہ نہ ہوں بلکہ اس کی روح کو سمجھتے ہوئے نَحۡنُ اَنۡصَارُ اللّٰہِ کا نعرہ لگائیں۔

آپ جو اپنے آپ کو انصار اللہ کہتے ہیں اس بات کو ہر وقت سامنے رکھیں کہ انصار اللہ تبھی کہلا سکتے ہیں جب اس زمانے کے امام، اللہ تعالیٰ کے فرستادے، مسیح موعود اور مہدی معہود ؑ کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے صرف نام کے انصار اللہ نہ ہوں بلکہ اس روح کو سمجھتے ہوئے نَحۡنُ اَنۡصَارُ اللّٰہِ (آل عمران:53) کا نعرہ لگائیں۔ اللہ تعالیٰ نے اس زمانے میں تکمیلِ اشاعت دین کا کام حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے سپرد کیا ہے یعنی تبلیغِ اسلام کا عظیم کام آپؑ کے سپرد کیا گیا ہے اور یہی کام کرنے کی حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی جماعت کے افراد سے توقع کی ہے اور انصار اللہ کو سب سے بڑھ کر اس کا مخاطب اپنے آپ کو سمجھنا چاہیے۔ پس ہمیں اپنے عہد بیعت کو نبھانے کے لیے، اپنے انصار اللہ کے عہد کو نبھانے کے لیے، اس عظیم کام میں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا مددگار بننے کے لیے، اپنی تمام تر صلاحیتوں کے ساتھ اس عظیم کام کو سرانجام دینے کے لیے میدان میں اترنا ہو گا، تبھی ہم حقیقی انصار اللہ کہلا سکتے ہیں۔ صرف منہ سے دعویٰ کر دینا کہ ہم انصار اللہ ہیں کافی نہیں ہے۔ اس کے لیے ہمیں اپنے جائزے بھی لینے ہوں گے کہ کس طرح ہم اس عظیم کام کو سرانجام دے سکتے ہیں۔ ہمیں اپنی حالتوں کو دیکھنا ہو گا کہ کیا وہ اس معیار کی ہیں جو بڑے بڑے کام سرانجام دینے کے لیے ہونی چاہئیں اور جس کی اس وقت دین کو ضرورت ہے۔

دین کا پیغام دنیا کے کونے کونے میں پھیلانا کوئی آسان کام نہیں ہے۔ اس کے لیے ہمیں تعلق باللہ میں بھی ترقی کرنی ہو گی، تقویٰ میں بھی ترقی کرنی ہو گی، اپنے علم کو بڑھانے کی کوشش بھی کرنی ہو گی، اللہ تعالیٰ کے احکامات پر پوری طرح کاربند رہنے کے لیے بھی کوشش کرنی ہو گی۔ پس ہمیں اپنے جائزے لینے کی ضرورت ہے کہ کیا ہم نے اپنی حالتوں میں وہ تبدیلی پیدا کر لی ہے یا اس تبدیلی کے پیدا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مشن کو آگے بڑھانے کے لیے ضروری ہے، جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا مددگار بننے کے لیے ضروری ہے۔ اگر نہیں تو ہمارا نَحۡنُ اَنۡصَارُ اللّٰہِ کا نعرہ بے مقصد اور بے بنیاد ہے۔

(اختتامی خطاب امیر المومنین حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز برموقع سالانہ اجتماع مجلس انصار اللہ یوکے فرمودہ 08 ؍ ستمبر 2021ء)

”دین کی باتوں میں تمسخر اور ہنسی نہیں کرنی چاہیے۔“

(حضرت مصلح موعودؓ)

(قیادت تربیت، مجلس انصار اللہ کینیڈا)

1922ء میں عید الفطر کے بعد جبکہ لوگ شوال کے روزے رکھ رہے تھے کہ مورخہ یکم جون 1922ء بمطابق 4/ شوال بادلوں کی وجہ سے صحیح وقت کا اندازہ نہ ہونے پر مؤذن نے مغرب کی اذان اصل وقت سے قریبًا پندرہ منٹ قبل دے دی جس پر ان کئی احباب نے جو شوال میں چھ دن کے روزے رکھ رہے تھے، روزہ افطار کر دیا۔ اس کے متعلق حضرت حافظ روشن علی صاحبؓ نے مسجد مبارک میں مؤذن سے اعلان کرایا کہ آج جن لوگوں نے اذان پر روزہ افطار کیا ہے، انہیں ثواب تو مل جائے گا لیکن آج کی بجائے ایک روزہ اور انہیں رکھنا چاہیے۔ یہ اعلان کرتے ہوئے مؤذن نے اپنی طرف سے یہ کہہ دیا کہ چونکہ میں نے آپ لوگوں کو ایک زائد روزہ کا ثواب دلایا ہے اس لیے میرے لیے بھی دعا کریں۔ یہ الفاظ جس وقت کہے جا رہے تھے اُس وقت حضرت خلیفة المسیح الثانیؓ اندر سے نماز پڑھانے کے لیے تشریف لائے۔ نماز کے بعد حضور نے سب کو بیٹھنے کا ارشاد فرمایا اور کہا:

”میں نے پہلے بھی کئی بار نصیحت کی ہے کہ دین کی باتوں میں تمسخر اور ہنسی نہیں کرنی چاہیے، اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ایمان سلب ہو جاتا ہے۔ ہنسی اور مزاح کے انسان کو اور بیسیوں مواقع اور بیسیوں باتیں مل سکتی ہیں، بات بات میں انسان خود ہنس سکتا اور دوسروں کو ہنسا سکتا ہے اور یہ ناجائز بھی نہیں۔ رسول کریم ﷺ بھی ہنسی کی باتیں کیا کرتے تھے اور حضرت مسیح موعودؑ تو بہت ہی کرتے تھے لیکن ان کا محل اور موقع ہوتا ہے۔ اور دین سے ہنسی کرنا کسی صورت میں بھی جائز نہیں۔

اب جس وقت میں اندر سے آیا ہوں تو وہ شخص جس نے آج قبل از وقت مغرب کی اذان کہی، کہہ رہا تھا کہ میں نے روزہ داروں کو ایک اور روزہ رکھنے کا ثواب حاصل کرایا ہے۔ یہ دین کے ساتھ ہنسی اور تمسخر ہے، بے شک یہ گناہ نہیں کیونکہ غلطی سے ایسا ہوا ہے اور اس پر خدا تعالیٰ کی طرف سے مواخذہ نہیں ہو گا لیکن ہر ایک غلطی کسی اور گناہ کے نتیجہ میں ہوتی ہے اس لیے کسی غلطی پر انسان کو خوش نہیں ہونا چاہیے بلکہ استغفار کرنا چاہیے۔ دیکھو اگر ایک آدمی شکار پر گولی چلائے اور وہ غلطی سے کسی انسان کو جا لگے اور وہ ہلاک ہو جائے تو کیا وہ شخص اس لاش پر کھڑا ہو کر اس لیے ہنسے گا کہ اس نے جان بوجھ کر نہیں مارا بلکہ غلطی سے مارا گیا ہے۔ اگر یہ ثابت ہو جائے کہ اس نے اپنی طرف سے پوری احتیاط کر لی تھی اور پھر غلطی سے گولی لگ گئی تو وہ قابل گرفت نہ ہو گا لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ وہ اپنے اس فعل پر ہنسے اور خوش ہو۔ قبل از وقت غلطی سے اذان دینا گناہ نہیں لیکن اس پر افسوس نہ کرنا بلکہ تمسخر کرنا گناہ ہے۔ یہ ٹھیک ہے کہ روزہ افطار کرنے والوں کو اس روزہ کا ثواب ملے گا اور شریعت کے ظاہری لحاظ سے انہیں جو اور روزہ رکھنا پڑے گا، اس کا بھی ثواب ملے گا لیکن کسی کام کے سر انجام کو نہ پہنچنے اور تھوڑی سی کسر رہ جانے پر جو قدرتی صدمہ ہوتا ہے، وہ روزہ افطار کرنے والوں کو ہونا لازمی ہے اور اس موقع پر تمسخر کرنا بہت برا ہے۔

پس دین کے چھوٹے سے چھوٹے حکم اور ہر ایک دینی شعار کی عزت وتکریم کرنا مومن کا فرض ہے اور اس کے متعلق ہنسی اور تمسخر کا قطعاً خیال بھی نہیں آنا چاہیے۔

مؤذن کے مقابلہ میں ان لوگوں کو بھی جنہوں نے کہا کہ اگر تم روزہ رکھو تو پتہ لگے۔ میں کہتا ہوں کہ یہ کہنا ان کا مناسب نہیں تھا کیونکہ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کے نزدیک روزہ رکھنا ایک بوجھ ہے اور مجبوری سے انہوں نے ایسا کیا۔ اس سے روزہ سے محبت اور الفت کا ثبوت نہیں ملتا حالانکہ روزے کوئی چٹی نہیں، انسان کو مصیبت میں ڈالنے کے لیے نہیں بلکہ خدا تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کا ذریعہ ہیں اور روحانی ترقی حاصل کرنے کا باعث۔ اس لیے ان کو بوجھ نہیں سمجھنا چاہیے۔ کسی دینی امر کے متعلق کوئی ایسا لفظ زبان سے نہیں نکالنا چاہیے جس سے یہ معلوم ہو کہ مجبوری سے اسے کیا گیا ہے۔ مجھے تعجب ہے کہ روزہ داروں نے کیوں اتنی جلدی کی حالانکہ گو ابر تھا لیکن اس قدر روشنی تھی کہ جس سے سورج کے غروب نہ ہونے کا پتہ لگ سکتا تھا۔ سارا دن جب گذار چکے تھے تو پھر انہوں نے جلدی کیوں کی اور کیوں نہ تحقیقات کر لی۔ اسے ان کی لاپرواہی ظاہر ہوتی ہے۔“

(الفضل 10/ جولائی 1922ء صفحہ 5)

حضرت خلیفۃ المسیح الاول رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

”دعوتوں کے عجائبات میں سے ایک واقعہ ہے ایک دفعہ ایک صحابی نے آنحضرت ﷺ کی دعوت کی کہ پانچ آدمی آویں اور پانچویں آپؐ ہوں۔ آپؐ نے اس کی دعوت قبول فرمائی۔ اس کے مکان پر جاتے ہوئے راستہ میں ایک چھٹا آدمی ساتھ ہولیا جیسا کہ لوگوں کی عادت ہے کہ بزرگوں کے ساتھ ہو جاتے ہیں۔ جب حضور علیہ السلام میزبان کے دروازے پر پہنچے تو آپؐ کھڑے ہوگئے اور میزبان کو کہا کہ یہ آدمی زائد آیا ہے، اس کو ہم نے ساتھ نہیں لیا ہے۔ تمھارا اختیار ہے کہ اسے اندر جانے کی اجازت دو یا واپس کر دو۔ کیسی سادگی اور صفائی ہے۔ آج کل کوئی مہمان سے پوچھے کہ کتنے آدمی ہوں گے تو ہتک سمجھی جاتی ہے۔ غرض دعوت کے آداب میں سے ایک یہ بھی ہے کہ کسی کے گھر بلا اجازت نہ جاؤ۔“

(بدر 30/ نومبر 1911ء صفحہ 4)

Photo by Jean Carlo Emer on Unsplash.com

مبلغین اسلام احمدیت

حضرت مفتی محمد صادق صاحبؓ

مبلغ انگلستان / امریکہ

Picture Source: https:// www.ahmadiyyagallery.org/Mosques/Mosques-in-USA

”میرا نقل و حرکت اب میرا نہیں، میرا وجود اور میری جان اب میرے نہیں بلکہ محمودؔ کے ہیں وہ جو چاہے اس کے ساتھ کرے اور جدھر چاہے بھیج دے۔ حکم محمودؔ کے بعد مجھے نہ کسی سمندر کا ڈر ہے اور نہ کسی جنگل کا خوف ہے، نہ وطن کی خواہش ہے اور نہ سیر کا شوق ہے۔“



یہ الفاظ حضرت مفتی محمد صادق صاحب رضی اللہ عنہ کے ہیں جو آپ نے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ کی طرف سے امریکہ جانے کی ہدایت موصول ہونے کے وقت فرمائے تھے۔ واقعۃً آپ نے ساری زندگی اطاعت امام کے اعلیٰ نمونہ کے ساتھ گزاری۔ حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے زندگی میں بھی آپ کی فدائیت کا ایک حسین رنگ کو دیکھنے کو ملتا ہے اور پھر خلافت کے سائے تلے بھی آپ اخلاص و وفا میں صف اول میں نظر آتے ہیں۔

حضرت مفتی محمد صادق صاحب رضی اللہ عنہ بھیرہ کے رہنے والے تھے۔ آپ 31/ جنوری 1891ء کو بیعت کر کے سلسلہ احمدیہ میں داخل ہوئے۔ حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے نہایت قریب رہ کر بہت خدمت کا موقع پایا۔ حضرت اقدسؑ کی زندگی میں ہی بذریعہ خط انگلستان، امریکہ اور روس وغیرہ تک احمدیت کا پیغام پہنچایا۔ اس کے علاوہ بھی دیگر کئی طریقوں سے تبلیغ احمدیت کرتے رہے۔ حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ نے اپنی خلافت کے آغاز میں آپ کو تبلیغ اسلام کے لیے انگلستان جانے کا ارشاد فرمایا چنانچہ آپ 10/ مارچ 1917ء کو قادیان سے تبلیغ اسلام کے لیے انگلستان کو روانہ ہوئے، حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ دو میل تک آپ کی مشایعت کے واسطے تشریف لائے۔ بعد ازاں مورخہ 22/ مارچ کی شام کو بمبئی بندرگاہ سے روانہ ہوئے۔ اگلے ہی دن جہاز میں تبلیغ کا سلسلہ شروع کر دیا۔ اسی بحری جہاز میں مشہور مستشرق پروفیسر مارگولیتھ بھی مسافر تھے جو اپنے دورہ ہندوستان (جس میں قادیان بھی شامل تھا) سے واپس جا رہے تھے، آپ دوران سفران کو اردو کے کچھ اسباق دیتے رہے۔

(فاروق 19/ اپریل 1917ء صفحہ 2،1)

آپ نے اپنے اس سفر کی روداد ”سفر انگلستان“ کے عنوان سے اخبار الفضل اور اخبار فاروق میں چھ اقساط میں شائع کرائی ہے۔ آپ نے آغاز سفر سے ہی تبلیغی اغراض کی خاطر اپنی وضع قطع منفرد رکھی اور سر پر سبز عمامہ رکھا چنانچہ یورپ و امریکہ میں واقعی اس انداز نے تبلیغ میں بہت مدد دی، آپ لندن کے احوال میں لکھتے ہیں: ”مرد و عورت خصوصیت سے مجھے دیکھتے ہیں.... وہ ایک نئی وضع پر خوش ہوتے ہیں اور میں اس خیال پر خوش ہوتا ہوں کہ یہ صورتیں تبلیغ کے واسطے مجھے دی گئی ہیں.... میرا سبز عمامہ بھی میرے لیے اشتہار کا کام دے رہا ہے۔“ (الفضل 29/ مئی 1917ء صفحہ 8)

اس سفر میں آپ کا گذر فرانس کے شہر مارسلز سے ہوا جہاں فرانسیسی زبان سے ناواقفیت

کی وجہ سے آپ کوئی خاص پیغام نہ پہنچا سکے، آپ لکھتے ہیں: ”.... تبلیغ کا کوئی موقعہ نہیں ملا سوائے چند عربوں کے جو الجیریا کے رہنے والے ہیں... مگر ان کی عربی بھی ذرا مشکل ہے، بہت کم میری بات سمجھتے ہیں تاہم کچھ کان میں ڈال دیا ہے، اللہ تعالیٰ بار آور کرے۔“ (الفضل 15/ مئی 1917ء صفحہ 1)

انگلستان میں آپ نے دعاؤں اور محنت سے اسلام احمدیت کا پیغام پہنچانے کی ہر ممکن سعی کی۔ انگلستان جیسے ملک کی سردی آپ کے لیے ناقابل برداشت تھی لیکن خدمت دین کی خاطر آپ نے یہ سختیاں برداشت کیں ہاں آسانی کے لیے آپ سردی کے موسم میں ساحلی علاقوں میں چلے جاتے اور وہاں رہ کر تبلیغ اسلام کا کام کرتے۔ ایک مرتبہ آپ نے Isle of Wight میں واقع ایک قصبہ وینٹ نور (Ventnor) میں پانچ ماہ قیام کیا۔

(الحکم 28/ جولائی 1918ء صفحہ 5 کالم 1)

اکتوبر 1918ء میں آپ Torquay شہر میں نزیل ہوئے اور یہاں تبلیغ کا موقعہ پایا جس کا ذکر Torquay Times وغیرہ مقامی اخبارات میں ہوا۔ (الفضل 21 جنوری 1919ء صفحہ 6-9) اسی طرح آپ کچھ عرصہ شہر Bournemouth میں بھی مقیم رہے۔ (الفضل 5/ اپریل 1919ء صفحہ 10) ایک دفعہ جناب خواجہ کمال الدین صاحب بیمار ہوگئے اور بیماری کے دنوں میں Woking چھوڑ کر Harrogate چلے گئے اور کئی ہفتے وہاں رہنے کا پروگرام بنایا، حضرت مفتی صاحبؓ کو علم ہوا تو آپ نے بیمار پرسی کا خط لکھتے ہوئے یہ بھی لکھا: ”اگر ضرورت ہو تو بندہ خدمت کے واسطے حاضر ہوجائے یا قاضی عبداللہ صاحب کو بھیج دیں....“ (الفضل 24/ دسمبر 1918ء صفحہ 9 کالم 3)

انگلستان میں لیکچرز، مضامین اور ملاقاتوں کے علاوہ بذریعہ خط بھی آپ نے احمدیت کا پیغام پہنچایا۔ کئی اہم عالی مرتبت شخصیات کو بھی پیغام حق پہنچایا۔ شاہ برطانیہ جارج پنجم کی اہلیہ ملکہ Mary of Teck کو مبارکبادی کا خط لکھا جس کے ساتھ حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کی تصویر اور پیشگوئی بابت جنگ بھی ارسال کی جس پر ان کے سیکرٹری کی طرف سے شکریہ کا خط آیا۔ (الفضل 25 جنوری 1919ء صفحہ 7 کالم 3)

اسی رپورٹ میں درج ہے کہ آپ نے جنگ میں انگلستان کے 18 اتحادی ممالک (امریکہ، بیلجیم، اٹلی، چین، جاپان، برازیل، مصر وغیرہ) کے سربراہان کو مبارک بادی کے خطوط اور کتاب ”شہزادہ تحفہ ویلز“ ارسال کیں۔ آپ کے انگلینڈ میں جماعت احمدیہ کی طرف سے پولیٹیکل ڈیلیگیٹ (political delegate) کے طور پر خدمات سرانجام دینے کی توفیق ملی۔ (الفضل 26 اگست 1919ء صفحہ 10 کالم 2)

انگلستان میں اپنے عرصہ قیام کا خلاصہ کرتے ہوئے آپ بیان کرتے ہیں:

”جس غرض کے واسطے حضرت مرشد صادق مہدی محمود خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ تعالیٰ نے اس ملک میں عاجز کو بھیجا تھا، وہ گذشتہ اڑھائی سال میں برفاقت برادر قاضی عبداللہ صاحب حسب دلخواہ حاصل ہوئی۔ قریب ایک صد نومسلم ہوئے اور قریب پچاس کَس مصدقین ہوئے۔ لنڈن کے مرکز میں سلسلہ احمدیہ کا جھنڈا گڑ گیا۔ بہت سے لیکچر ہوئے، اخباروں اور رسالوں میں ہماری تصاویر اور مضامین شائع ہوئے۔ بادشاہوں اور امیروں کو بھی پیغام حق پہنچایا گیا اور غرباء کو بھی تبلیغ کی گئی۔ ہزار ہا رسالے تقسیم کیے گئے۔ مباحثات ہوئے، مخالفین کو چیلنج دیے گئے۔ مضافات میں بھی لیکچر ہوئے اور اشاعت رسالجات کی گئی .... اللہ تعالیٰ نے ہمارے مشن کو کامیاب کیا..... میں نے اس ملک میں آکر بہت کچھ دیکھا اور سب کچھ سنا مگر میں آپ صاحبان کو یقین دلاتا ہوں کہ ملک انگلستان میرے خیالات اور میری طرز زندگی میں کچھ تبدیلی نہیں کر سکا، بہتیرے میری صحبت میں تبدیل ہوئے مگر کسی کی صحبت نے مجھے تبدیل نہیں کیا .... میرے دل میں مطلقاً کوئی خواہش نہیں کہ میں قادیان واپس بلایا جاؤں یا یہاں رکھا جاؤں یا افریقہ یا امریکہ بھیج دیا جاؤں .... میرا نقل و حرکت اب میرا نہیں، میرا وجود اور میری جان اب میرے نہیں بلکہ محمودؔ کے ہیں وہ جو چاہے اس کے ساتھ کرے اور جدھر چاہے بھیج دے۔ حکم محمودؔ کے بعد مجھے نہ کسی سمندر کا ڈر ہے اور نہ کسی جنگل کا خوف ہے، نہ وطن کی خواہش ہے اور نہ سیر کا شوق ہے۔“ (الفضل 5/ جنوری 1920ء صفحہ 9)

(انگلستان جانے کے وقت پاسپورٹ کے واسطے بنوائی گئی تصویر)

سیدنا حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کی زیر ہدایت آپ 1920ء کے آغاز میں انگلستان سے امریکہ تشریف لے گئے اور وہاں مشن کی بنیاد رکھی۔ امریکہ میں آپ کا ورود فلاڈلفیا میں ہوا جہاں آپ کو وجہ آمد تبلیغ اسلام بتانے پر امریکہ میں داخلے سے روک دیا گیا اور Gloucester City immigration station, NJ میں مسجون کر دیا گیا جہاں آپ کو تقریباً سات ہفتے بند رکھنے کے بعد حکومت امریکہ نے آپ کو ملک میں داخلے کی اجازت دے دی چنانچہ آپ نے پہلے نیویورک میں قیام رکھا لیکن جلد ہی شکاگو کو اپنا مرکز بنایا اور تبلیغ اسلام کی سرگرمیوں میں مصروف رہے۔ ڈیٹرائٹ میں عرب مسلمانوں کی اچھی خاصی تعداد مقیم تھی انہوں نے آپ کو ڈیٹرائٹ آنے اور اسلام پر لیکچر دینے کی دعوت دی چنانچہ آپ فروری 1921ء میں ڈیٹرائٹ پہنچے اور پبلک لیکچرز

اور اخباری نمائندوں کے انٹرویوز کی وجہ سے حضرت مفتی صاحبؓ کا یہ دورہ ڈیٹرائٹ بہت ہی مفید اور مؤثر رہا۔ آپ کا پہلا لیکچر مورخہ 7/ فروری 1921ء کو آٹو ورکرز ہال (Auto-Workers Hall) میں منعقد ہوا، اگلے روز ڈیٹرائٹ کے مشہور اخبار Detroit Free Press نے “Moslem Hurls Tolerance Defy at Christian Pulpits” کے تحت خبر دی اور لکھا کہ ہال 1200 حاضرین سے پُر تھا۔

(Detroit Free Press, 8 Feb 1921 page 1)

American Gathering in Auto-Worker's Hall, Detroit, on Febr 1921 to hear Dr. Mufti Muhammad Sadiq's Lecture on Islam

اگلی اتوار کو ڈیٹرائٹ کے ملحقہ شہر ہائی لینڈ پارک (Highland Park) میں جہاں کہ عرب مہاجرین کی اچھی تعداد آباد تھی، آپؓ کا ایک اور کامیاب لیکچر ہوا جس میں شہر کے میئر اور پولیس چیف سمیت کئی اہم شخصیات شریک تھیں، The Detroit Free Press اخبار نے اس لیکچر کو بھی اچھی کوریج دی اور “Moslems Avow Loyalty To U.S.” کے تحت تفصیلی خبر دیتے ہوئے یہ بھی لکھا:

“Islam set before big businessmen and governmental heads of the neighbour city Sunday the most savory of Eastern dishes in a dinner tendered to Professor Mufti Muhammad Sadiq of India, missionary of the Ahmadia movement by which it is hoped to bring light .....”

(The Detroit Free Press, Monday, February 14, 1921 page 3)

اس سے ایک دن قبل ہی اسی اخبار کے ایک نمائندے William C. Richards نے حضرت مفتی صاحبؓ کی گفتگو کا تفصیلی احوال مورخہ 13/ فروری 1921ء کی اشاعت میں Metropolitan Section کے صفحہ 1،8 پر “Moslem Mufti Seeks to Make Detroit Islam” کے عنوان سے رپورٹ کیا۔ ایک ہی



Trying To Make Christian America Mohammedan

Amazing Details of the Movement Now Under Way to Win New Converts to the Faith of Mohammed and Fill Our Cities with Mosques From Whose Towers the Muezzins May Call Millions to Worship Allah As the Koran Teaches

THE MOSLEM SUNRISE
PACIFIC OCEAN

(اخبار The Vancouver Sun میں چھپا حضرت مفتی صاحبؓ کا تبلیغی اشتہار)

ہفتے میں اتنے کامیاب پروگرام اور اخبارات میں بھرپور اشاعت سے شہر ڈیٹرائٹ میں اسلام کا خوب چرچا ہوا جس کا ذکر کرتے ہوئے عربی اخبار ”البیان“ نیویارک کے ایک نامہ نگار نے لکھا:

”لَمْ یَرِ المُسلمون عامة و العرب السوریون خاصة ..... و نزید علی ذالك قدوم فضیلة العالم العلامة المفتی محمد صادق الهندی و تصریحاتہ البلیغة فی خطاباته مقابلاته للصحف فکانت النتیجة ان اصبح اسم المسلمین و خاصة العرب مِنهم کالمسك الفائح .....“

(اخبار ”البیان“ بروکلین، نیویارک۔ 19/ فروری 1921ء صفحہ 3)

ترجمہ: پچھلے تین ہفتوں میں عام مسلمانوں اور خاص طور پر سیرین عربوں نے جو مشاہدہ کیا ہے اس سے بہتر زمانہ ان کے ہجرت کے وقت سے آج تک امریکہ میں نہیں دیکھا اور نہ ہی کبھی اس سے پہلے اتنی شہرت پائی۔ صبح یا شام کا کوئی ایسا صحیفہ یا اخبار

نہیں دیکھوگے مگر وہ ان کے ذکر سے بھرے ہوئے نظر آتے ہیں۔ ان کی تعریف کرتے ہوئے ان کی خوبیاں نیز ان کے مذہب، اخلاق اور طرزِ عیش وعشرت خوشی سے ذکر کرتے ہیں۔ اور میں قسم کھاتا ہوں کہ اگر ان مخلص امریکی صحافیوں کے سامنے اِس امّۃ کریمہ کی خوبیاں ظاہر نہ ہوتیں تو وہ ان کا ذکر زیادہ یا تھوڑا بھی اپنے اخبارات میں نہ کرتے ...... اس پر مزید بات ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ علامہ مفتی محمد صادق صاحب ہندوستانی کے یہاں تشریف لانے اور ان کی تقریرات کے بلیغ بیانات اور ان کے تمام صحافیوں کے ساتھ inter- views کے نتیجہ سے مسلمانوں اور خاص طور پر عربوں کا نام خوشبو کی طرح شائع ہوگیا......

اس دورہ کی کامیابی کے بعد آپ شکاگو سے ڈیٹرائٹ میں آگئے اور قریبًا ایک سال تک یہیں مقیم رہے اور اس کے گرد و نواح میں وسیع پیمانے پر تبلیغ اسلام کی توفیق پائی، جولائی 1921ء میں اسی شہر سے آپ نے تاریخی رسالہ The Moslem Sunrise کا آغاز کیا۔ یہیں سے آپ نے قریبی امریکی ریاستوں Ohio، Indiana اور خود Michigan کے کئی شہروں کا کامیاب دورہ کیا اور لیکچرز اور اخبارات کے ذریعے اسلام کا پیغام پہنچانے کی توفیق پائی۔ آپ نے اخبار کے ایک پورے صفحے کے سائز کا اشتہار تیار کر کے امریکہ و کینیڈا کے کئی اخبارات میں شائع کرایا۔

بذریعہ خطوط روابط بڑھانا اور جماعتی لٹریچر بھیجنا حضرت مفتی صاحبؓ کی تبلیغ کا ایک خاص طریق تھا جو آپ کی ساری زندگی میں ہمیں دیکھنے کو ملتا ہے چنانچہ ڈیٹرائٹ قیام کے دوران بھی آپؓ نے یہ طریق باحسن سرانجام دیا اور امریکن صدر Warren G. Harding، برطانوی وزیر اعظم David Lloyd George، چیکوسلوواکین صدر Tomáš Garrigue Masaryk سمیت کئی اہم شخصیات کو اسلام احمدیت کا پیغام پہنچایا، ڈیٹرائٹ میں قائم مشہور آٹوموبائل کمپنی Ford کے بانی Henry Ford اور مشہور امریکی سائنسدان Thomas Edison کو بھی خط لکھے۔ غرضیکہ اس نئے اسلامی مشن نے پورے امریکہ میں شہرت پائی۔ یہاں کچھ عرب لوگوں نے احمدیت کے اسلام سے الگ مذہب ہونے کا واویلا مچایا، ایک صاحب محمود ناصر نے حضرت مفتی صاحبؓ پر نئے نبی کے پیروکار کا الزام لگا کر متنازع بنانے کی کوشش کی لیکن بفضلہٖ تعالیٰ خود ڈیٹرائٹ کے عرب لوگوں نے اس جھوٹے الزام کو رڈ کرتے ہوئے حضرت مفتی صاحبؓ کے حق میں مضامین لکھے چنانچہ ایک عرب دوست عقل علی المقدسی نے ”کلمۃ حق لا بد عنھا“ عنوان کے تحت لکھا:


AL-BAYAN
THRICE WEEKLY ARABIC NEWSPAPER
Published: Tuesday, Thursday and Saturday.
SUBSCRIPTION RATES:
In the United States, Colonies and Mexico ....One Year $7.00
Canada and Foreign Countries $9.00
PROPRIETOR and MANAGING EDITOR:
S. BADDOUR
391 FULTON STREET Brooklyn, N. Y.
Telephone, Main 2016
Cable Address (Al-Bayan, New York)
Entered as Second-Class Matter at Brooklyn, N. Y. Formerly Entered at the Post Office at New York, N. Y. Under the Act of March 3, 1879.
Brooklyn, New York, Saturday. FEB. 26 1921.

ألبيان

— بدل الاشتراك عن سنة —
في الولايات المتحدة وكوبا والمكسيك والفيليبين ٧ ريالات اميركية
في جميع انحاء البلاد العربية وكندا وسائر الممالك الاجنبية ٩ ريالات امركية
قيمة بدل الاشتراك تدفع سلفا
المراسلات يجب ان تكون باسم:
سليمان بدور — صاحب الجريدة ورئيس تحريرها
عنوان الادارة ٣٩١ شارع فولتون — بروكلين نيويورك
نمرة التلفون ماين ٢٠١٦ — العنوان التلغرافي — البيان · نيويورك
جريدة عربية حرة — شعارها «الوطنية والحقيقة»
— تصدر ثلاث مرات في الاسبوع —
نيويورك السبت في ٢٦ شباط سنة ١٩٢١ و ١٩ جماد ٢ سنة ١٣٣٩


كلمة حق لا بد عنها

ترجمہ: ”......ہمارا یہ مقصد نہیں کہ ہم محمود ناصر صاحب کے بیانات کو رڈ کریں سوائے ایک بات کے اور وہ اس لیے کہ انھوں نے ایک ایسے معاملہ میں ہمارا ذکر کیا ہے جس میں ایک ایسے آدمی کی تحقیر کی ہے جو اسلام کا ایک عالم فقیہ ہے، دین اسلام کا دفاع کرتا ہے اور ایسی علمی قوت اور جرأت کے ساتھ اسلام کا دفاع کرتا ہے کہ ہم مسلمانوں کی شہرت کو امریکیوں میں ایک خوشبو کی طرح بنا دیا ہے۔ میں خیال نہیں کرتا کہ کوئی بھی انسان جو ذرہ بھر بھی دینی شعور اور اسلامی غیرت رکھتا ہو (ہماری) اس بات کی تصدیق نہ کرے ...... اگر بعض لوگ ہمیں حضرت مفتی محمد صادق الھندی کے بارے میں گواہی پیش کرنے کو نہ کہتے تو ہم بھی اس موضوع پر لکھنے کی سر دردی نہ اٹھاتے ...... پس ہمیں مفتی صاحب کی قدر اور شان میں ہتک آمیز باتوں کی وجہ سے سخت افسوس ہوا ہے اور ہمیں نہایت تعجب ہوتا ہے کہ ہم کس طرح اُن (مفتی صاحب) کے دفاع اسلام کا انکار کرتے ہیں یہاں تک کہ وہ تو عیسائی گرجوں میں بھی بلا خوف وخطر (دفاع اسلام کرتے ہیں) اور ہم اہالیان بیت

المقدس کو صرف ڈیٹرائٹ کے زعماء نے مفتی صاحب سے تعارف کرایا جو اُن کو دعوت دیتے تھے اور ان کی عزت کرتے تھے اور انھیں اپنے بہترین قسم کے ولیموں میں فخر کے ساتھ بلاتے تھے۔ پس ہمیں نہایت تعجب ہے کہ کس طرح سب کچھ الٹا ہوگیا کہ اب کچھ لوگ اخباروں میں ان کی شان میں ہتک کرنا چاہتے ہیں.....“

مئی 1922ء میں آپ ڈیٹرائٹ کو چھوڑ کر شکاگو آگئے اور 4448 Wabash Avenue پر جگہ خرید کر مسجد اور مشن ہاؤس تعمیر کرایا اور پھر یہیں سے رسالہ دی مسلم سن رائز کا اجراء فرمایا۔ 1922ء کے آخر میں آپ نے ایک ہزار سے زائد مسافت کا سفر طے کر کے ریاست North Dakota کا دورہ کیا اور واپسی پر ریاست Minnesota میں بھی بعض جگہوں پر لیکچر دیتے ہوئے اور بعض عرب احباب سے ملاقات کرتے ہوئے واپس شکاگو پہنچے۔

(The Moslem Sunrise, Issue I, 1923, p. 166, 167)

رسالہ دی مسلم سن رائز کے ابتدائی پرچے آپ کی تبلیغی اور تربیتی سرگرمیوں سے پُر ہیں۔ امریکہ بیٹھ کر آپ نے کینیڈا کو بھی اپنی تبلیغی مساعی میں شامل رکھا، اپنی ایک رپورٹ میں آپ لکھتے ہیں: ”ملک کناڈا کو ڈاک کے ذریعہ سے تبلیغی رسائل روانہ کیے گئے۔“ (الفضل 16/ جون 1921ء صفحہ 2 کالم 1)

آپ کی تبلیغی کاروائیوں کا تذکرہ کینیڈا کے اخبارات کی بھی زینت بنتا رہا۔

